مطبُوعات

اسبابِ زوالِ امت | از قلم علامہ امیر شکیب ارسلان۔ شائع کردہ نور محمد کارخانہ تجارتِ کتب، آرام باغ کراچی۔ قیمت مجلد ۸/

علامہ موصوف عالمِ اسلام کے نامور انشاپرداز ہیں کہ جنہوں نے مغربی فکر کی یورش کے مقابلے میں اسلام کا دفاع کیا ہے اور جن کے کام سے دنیا بھر کے تعلیم یافتہ مسلمان واقف ہیں۔ مصنف کی بڑی مشہور کتاب کا اردو ترجمہ ہمارے سامنے ہے۔ یہ کتاب ایک اہم سوال کے جواب میں لکھی گئی ہے جو علامہ موصوف کے سامنے ایک جاوی عالم نے سید رشید رضا مصری کی وساطت سے مکتوب کی صورت میں پیش کیا تھا۔ لیکن درحقیقت یہ سوال ایک ایسا تاریخی سوال ہے جو مغربی تسلط کے مقابلے میں مسلمانوں کی زبوں حالی نے تمام مسلم اقوام کے اندر پیدا کر دیا تھا اور اب تک یہ بہت سے دماغوں میں کانٹا بن کے کھٹکتا ہے۔ اس سوال کا جواب علامہ ارسلان نے اپنے علم کی پوری وسعت اور قلم کے پورے زور کے ساتھ دیا تھا۔ جواب نے ایک مضبوط مقالے کی شکل اختیار کر لی اور اس میں بہت سے متعلقہ امور پر ضمناً اظہارِ خیال ہوتا گیا۔ یہی مفید مقالہ اصلاً عربی میں شائع ہوتا رہا اور اب اس کا ترجمہ اردو میں شائع کیا گیا ہے۔ افسوس ہے کہ کاغذ اس کتاب کے شایانِ شان استعمال نہیں کیا گیا۔

تفسیر ابن کثیر (اردو) | شائع کردہ: نور محمد کارخانہ تجارت کتب، آرام باغ، کراچی۔

قرآن پر جو وسیع اور عظیم الشان لٹریچر ہمارے اسلاف نے چھوڑا ہے اس میں تفسیر ابن کثیر ایک نمایاں مقام رکھتی ہے۔ اس کے اردو ترجمہ کو الگ الگ پاروں کی شکل میں ناشر مذکور نے پیش کرنے کا آغاز کیا ہے۔ پارہ دوم ہمارے سامنے ہے۔ ترجمہ کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ صاف اور رواں ہے۔ کتابت میں پیروں کی تقسیم اور اوقاف کا جدید سسٹم اختیار نہیں کیا گیا، بلکہ قدیم انداز پر اکتفا کی گئی ہے۔ سائز مناسب اور سرورق دیدہ زیب ہے۔ افسوس ہے کہ مترجم کا نام سامنے نہیں آیا، ورنہ کسی مستند شخصیت کا ترجمہ بجائے خود